صرف احمدی احباب کی تعلیم و تربیت کے لئے

بدھ 18 مئی 2016ء

روزنامہ
1913ء سے جاری شدہ
FR-10

الفضل

The ALFAZL Daily

ٹیلی فون نمبر 047-6213029

web: http://www.alfazl.org
email: editoralfazl@gmail.com

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

بدھ 18 مئی 2016ء 10 شعبان 1437 ہجری 18 ہجرت 1395 ہش جلد 66-101 نمبر 113

دِلبر کا بانکپن

ہوتا ہے کِردگار اِسی رہ سے دستگیر
کیا جانے قدر اس کا جو قصوں میں ہے اسیر

وحیِ خدا اسی رہِ فرخ سے پاتے ہیں
دلبر کا بانکپن بھی اسی سے دکھاتے ہیں

(حضرت مسیح موعود)

اخلاق عالیہ حضرت رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم

حضرت مغیرہ بن شعبہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ نماز میں کھڑے رہے یہاں تک کہ آپؐ کے پاؤں متورم ہو گئے۔ آپؐ سے عرض کی گئی کیا آپ اس قدر مشقت کرتے ہیں۔ حالانکہ اللہ تعالیٰ نے آپؐ کے متعلق کئے گئے وہ گناہ بھی ڈھانک دیئے ہیں جو پہلے گزر گئے اور جو اب تک نہیں ہوئے۔ آپؐ نے فرمایا تو کیا میں شکر گزار بندہ نہ بنوں۔

حضرت عائشہؓ سے روایت ہے کہ نبی کریمؐ اگر کبھی رات کے وقت (تہجد کی) نماز نہ پڑھ سکے نیند کی وجہ سے یا یہ کہا کہ آنکھوں پر (نیند کے) غلبہ کی وجہ سے تو دن کے وقت بارہ رکعت پڑھ لیتے۔

حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ نبی کریمؐ نے فرمایا جب تم میں سے کوئی رات کو تہجد کے لئے کھڑا ہو تو وہ دو ہلکی رکعتوں سے نماز شروع کرے۔

حضرت عبداللہ بن شقیقؓ کہتے ہیں میں نے حضرت عائشہؓ سے رسول اللہ کی نفل نماز کے بارے میں پوچھا۔ آپؓ نے فرمایا رسول اللہ رات کو کھڑے ہو کر لمبی نماز پڑھتے اور کبھی رات کو بیٹھ کر لمبی نماز ادا کرتے۔ جب آپؐ کھڑے ہو کر تلاوت فرماتے تو کھڑے ہونے کے بعد رکوع اور سجدہ کرتے اور جب بیٹھ کر تلاوت فرماتے تو بیٹھ کر ہی رکوع اور سجدہ کرتے۔

حضرت عبداللہ بن سعدؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا کہ میں نے رسول اللہ سے اپنے گھر میں نماز پڑھنے اور مسجد میں نماز پڑھنے کے بارے میں پوچھا۔ آپؐ نے فرمایا! تم دیکھتے ہو کہ میرا گھر مسجد سے کتنا قریب ہے مگر پھر بھی مجھے اپنے گھر میں نماز پڑھنا مسجد میں نماز پڑھنے سے زیادہ پسند ہے۔ سوائے اس کے کہ فرض نماز ہو۔

حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں رسول اللہ میرے گھر تشریف لائے۔ میرے پاس ایک عورت تھی۔ آپؐ نے فرمایا یہ کون ہے؟ میں نے کہا فلاں عورت ہے جو رات بھر نہیں سوتی۔ رسول اللہ نے فرمایا چاہئے کہ تم اس قدر اعمال بجا لاؤ جس کی تمہیں طاقت ہو۔ اللہ کی قسم اللہ نہیں تھکتا ہاں تم تھک جاتے ہو۔ (حضرت عائشہؓ کہتی ہیں) کہ رسول اللہ کو وہ عمل زیادہ پسند تھے جن پر عمل کرنے والا باقاعدگی اختیار کرے۔

حضرت حذیفہؓ کہتے ہیں کہ میں مدینہ کے ایک رستے پر نبی کریم ﷺ سے ملا۔ آپؐ نے فرمایا میں محمدؐ ہوں اور میں احمدؐ ہوں اور میں نبی الرحمة ہوں (رحمت کا نبی) اور میں نبی التوبہ ہوں (توبہ کا نبی) اور میں مقفّی ہوں (وہ جس کی پیروی کی جائے) اور میں نبی الملاحم ہوں (جس سے جنگیں کی گئیں)۔

حضرت انسؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا مجھے اللہ کے راستے میں اس قدر ڈرایا گیا جتنا میرے علاوہ کوئی اور نہیں ڈرایا گیا اور اللہ کی راہ میں مجھے اس قدر ایذاء دی گئی جو کسی اور کو نہیں دی گئی مجھ پر تیس شب و روز ایسے بھی آئے کہ میرے اور بلال کے کھانے کے لئے کوئی ایسا کھانا بھی نہ ہوتا تھا جسے کوئی جاندار کھا سکے بجز اس تھوڑی سی مقدار کے جو بلال نے اپنے پہلو میں چھپا رکھی تھی۔ (ماخوذ از شمائل النبیؐ ترمذی)

نماز درحقیقت دعا ہے

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں۔

”نماز کیا چیز ہے۔ نماز دراصل رب العزة سے دعا ہے جس کے بغیر انسان زندہ نہیں رہ سکتا اور نہ عافیت اور خوشی کا سامان مل سکتا ہے۔ جب خدا تعالیٰ اس پر اپنا فضل کرے گا اس وقت اسے حقیقی سرور اور راحت ملے گی۔ اس وقت سے اس کی نمازوں میں لذت اور ذوق آنے لگے گا جس طرح لذیذ غذاؤں کے کھانے سے مزا آتا ہے اسی طرح پھر گریہ و بکا کی لذت آئے گی اور یہ حالت جو نماز کی ہے پیدا ہو جائے گی۔ اس سے پہلے جیسے کڑوی دوا کو کھاتا ہے تا کہ صحت حاصل ہو۔ اسی طرح بے ذوقی نماز کو پڑھنا اور دعائیں مانگنا ضروری ہیں“۔

(بسلسلہ فیصلہ جات مجلس شوریٰ 2016ء
مرسلہ: نظارت اصلاح و ارشاد مرکزیہ)

ماہر امراض جلد کی آمد

مکرم ڈاکٹر عبدالرفیق سمیع صاحب ماہر امراض جلد مورخہ 22 مئی 2016ء کو فضل عمر ہسپتال میں مریضوں کا معائنہ کریں گے۔ ضرورتمند احباب و خواتین سے گزارش ہے کہ وہ موصوف کی خدمات سے استفادہ کے لئے پرچی روم سے اپنی پرچی بنوالیں اور مزید معلومات کیلئے استقبالیہ ہسپتال سے رجوع فرمائیں۔

(ایڈمنسٹریٹر فضل عمر ہسپتال ربوہ)

اراضی برائے ٹھیکہ

وقف جدید انجمن احمدیہ پاکستان کو اپنی اراضی واقع طاہر آباد ٹھیکہ پر دینا مقصود ہے۔ خواہشمند احباب مورخہ 23 مئی 2016ء تک نظامت دیوان میں اپنی درخواستیں معین پیشکش کے ساتھ بھجواسکتے ہیں۔

(نظامت دیوان وقف جدید ربوہ)

پبلشر و پرنٹر: طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ .... مطبع: ضیاء الاسلام پریس .... مقام اشاعت: دارالنصر غربی چناب نگر ربوہ .... قیمت 6 روپے

اداریہ

آپ بھی اچھے مقرر بن سکتے ہیں

خصوصاً بچوں کے لئے اہم مشورے

تقریر اور اچھی تقریر کرنا یقیناً خدا تعالیٰ کی طرف سے ایک ودیعت اور خداداد صلاحیت ہے لیکن جس طرح اچھا ڈاکٹر، سائنسدان یا ہنرمند بننے کے لئے قدرتی صلاحیت کے باوجود شدید محنت کرنی پڑتی ہے اسی طرح فن تقریر سیکھنے کے لئے بھی بہت محنت اور کوشش درکار ہوتی ہے۔اس سلسلہ میں مندرجہ ذیل مشورے آپ کی مدد کر سکتے ہیں۔

1۔اچھے مقررین کی تقاریر غور سے سنیں۔

2۔صرف ان کے مواد پر نظر نہ ہو بلکہ یہ بھی دیکھیں کہ انہوں نے کہاں سے مضمون اٹھایا۔کیسے آغاز کیا۔کیسے ختم کیا۔کیسا استدلال کیا اور سٹیج پر اس کی حرکات وسکنات کیا تھیں۔

3۔مختلف مقررین کا طریق جدا جدا ہوگا۔آپ سب کو دیکھیں اور اپنی پسند کے انداز اختیار کر لیں۔ ہوسکتا ہے آپ انہیں مزید بہتر کر سکیں۔

4۔اگر آپ تقریر کے شوقین ہیں تو پھر کسی مرحلہ پر نہ گھبرائیں قدم بقدم بڑھتے جائیں۔یہ بڑے بڑے مقررین بھی پہلے آپ جیسے ہی تھے مشق اور محنت سے آگے بڑھتے رہے ہیں۔

5۔تقریر کرنے کے کسی بھی موقع سے فائدہ اٹھائیں۔اپنے دوستوں میں، اطفال میں اور کسی مقابلہ میں شرکت کریں۔یہ سب آپ کی مشق کا حصہ ہے۔

6۔مختصر تقریر کے لئے مناسب ہے کہ تمہید بہت ہی مختصر ہو۔فوری طور پر اپنے موضوع کے اندر اتر جائیں۔وقت تھوڑا ہے تو اس کے کسی ایک پہلو کو لے لیں۔زیادہ پھیلائیں نہیں ہاں وقت کی مناسبت سے اس میں اضافہ کر سکتے ہیں۔

7۔کوشش کریں کہ تقریر سادہ اور عام فہم ہو۔اب مشکل الفاظ سننے اور سمجھنے والے بہت کم ہیں زمانہ سہولت اور آسانی کی طرف مائل ہو رہا ہے۔اگر کوئی محاورہ یا مشکل لفظ آئے بھی تو اس کی وضاحت کر دیں۔

8۔تقریر لکھنے سے پہلے اس موضوع پر اچھے مواد کا مطالعہ کریں اور ان میں سے اچھوتی باتیں چن لیں۔ جو زیادہ عام نہ ہوں اس طرح آپ کا مواد منفرد ہو جائے گا اور لوگوں کے علم میں اضافہ کا موجب ہوگا۔

9۔اگر موضوع سے متعلق کوئی واقعہ مل جائے تو بہت اچھا ہے یہ دلوں پر اثر کرتا ہے۔مگر واقعہ کو غیر ضروری لمبا نہ کریں صرف متعلقہ حصہ ہو۔اور اس سے جو نتیجہ نکالنا چاہتے ہیں وہ بھی مختصر بیان کریں۔

10۔بعض لوگ غیر ضروری طور پر شعروں کی تلاش کرتے ہیں۔اگر بہت مناسب معلوم ہو تو ایک آدھ شعر ضرور پڑھیں۔مگر کسی صاحب علم سے شعر کو شعر کی طرح پڑھنا سیکھ لیں۔

11۔اگر آپ کی عمر چھوٹی ہے تو کسی سے تقریر لکھوا سکتے ہیں۔مگر ان باتوں کو ملحوظ رکھیں جو اوپر بیان ہوئی ہیں۔تقریر کے الفاظ آپ کی عمر کے مطابق ہونے چاہئیں۔آپ سب الفاظ کو سمجھتے ہوں۔ مشکل ہوں تو انہیں آسان کر لیں۔

12۔اس کے بعد تقریر یاد کر لیں۔مگر مکمل رٹا ضروری نہیں۔اس مضمون کو سامنے رکھتے ہوئے بار بار دہرائیں۔اور بار بار مشق کریں مواد کو آگے پیچھے کر لیں الفاظ کے متبادل استعمال کریں۔اس طرح آپ کو آہستہ آہستہ الفاظ اور مضمون پر گرفت کرنی آجائے گی۔

13۔بعض بڑے بڑے مقررین یہ فن سیکھنے کے لئے کھلی جگہوں یا کھیتوں میں نکل جاتے ہیں اور درختوں یا سامان کو سامعین سمجھتے ہوئے بلند آواز میں تقریر کی مشق کرتے ہیں یا بعض شیشے کے سامنے کھڑے ہو کر تقاریر کرتے ہیں۔

14۔اگر تقریر میں کوئی مختصر اقتباس یا اقوال ہیں تو بے شک یاد کر لیں لیکن اگر لمبا اقتباس ہے تو اسے ساتھ رکھ لیں اور دیکھ کے پڑھیں۔

15۔جب تقریر کی کچھ مشق ہو جائے تو تقریر بے شک لکھ لیں۔تاکہ وقت کا اندازہ ہو جائے۔مگر اسے رٹیں نہیں اس کے پوائنٹس لے کر زبانی کرنے کی کوشش کریں۔ضروری اشارے سامنے رکھ لیں۔

16۔تقریر کے دوران بھول جائیں تو پریشان نہ ہوں۔کوئی دوسرا پوائنٹ لے لیں اور اسے شروع کر دیں۔کسی کے مذاق یا تمسخر سے دل چھوٹا نہ کریں۔انسان آہستہ آہستہ ہی ترقی کرتا ہے۔یہی لوگ بعد میں آپ کو داد دیں گے۔

17۔ہماری تقاریر چونکہ عام طور پر مذہبی عناوین پر ہوتی ہیں اس لئے ان کے حوالے سے بہترین مقررین ہمارے خلفاء ہیں۔اور اس کے بعد علماء سلسلہ۔

18۔ایم ٹی اے پر حضرت خلیفۃ المسیح الرابع اور حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا بے تحاشا مواد موجود ہے۔ان کو نہایت توجہ اور غور سے سنیں۔ان کے بہت سے فقرات تو ضرب المثل ہوتے ہیں۔ان کو یاد کر لیں، لکھ لیں بہتر ہے کہ ایک کاپی بنا لیں۔حضور کے خطبات وغیرہ کے نوٹس لیتے رہیں

19۔الفضل اور دیگر رسائل سے اپنی پسند اور مرضی کی باتیں مضمون وار نوٹ کرتے رہیں جس وقت کسی تقریر کی ضرورت پیش آئے گی آپ کے پاس ابتدائی مواد تیار ہوگا۔

رسولؐ اللہ کی گھریلو زندگی

حضرت مسیح موعود شردھے پرکاش دیو جی کا ذکر کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

''برہمو صاحب کا نام پَرکاش دیو جی ہے جو برامھ دھرم لاہور کے پرچارک ہیں اور کتاب کا نام سوانح عمری حضرت محمد صاحب ہے اور اِس پُر آشوب زمانہ میں کہ ہر ایک فرقہ خواہ آریہ ہیں خواہ پادری صاحبان دیدہ دانستہ کئی طور کے افترا کر کے ہمارے سیّد و مولیٰ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی توہین اور اسلام کی تحقیر کو بڑا ثواب کا کام سمجھ رہے ہیں ایسے وقت میں آریہ قوم میں سے ایسا منصف مزاج پیدا ہونا جو برہمو مذہب رکھتے ہیں نہایت عجیب بات ہے مؤلف کتاب نے اپنی دیانت داری اور انصاف پسندی اور حق گوئی اور بے تعصبی کا عمدہ نمونہ دکھلایا ہے۔میرے نزدیک مناسب ہے کہ ہماری جماعت کے لوگ ایک ایک نسخہ اس کتاب کا خرید لیں۔''

شردھے پرکاش دیو جی اپنی کتاب ''سوانح عمری حضرت محمدؐ صاحب بانی اسلام'' میں لکھتے ہیں:۔

''محمدؐ صاحب کی خانہ داری بہت سیدھی سادی تھی۔چنانچہ عائشہ بیان کرتی ہیں کہ ہم ایک ایک مہینے تک چولہے میں آگ نہیں جلایا کرتے تھے۔حضرتؐ کھجوریں کھا کر اور پانی پی کر گزارہ کیا کرتے تھے۔ کبھی کبھی کوئی شخص ہمارے ہاں گوشت بھیجتا تو ہم اس کو پکاتے اور اگر روٹی کے لئے آٹا نہ ملتا تو اسی گوشت پر کفایت کرتے۔محمدؐ صاحب اکثر جَو کی روٹی کھایا کرتے تھے یا کبھی کبھی اونٹنی کا دودھ پیا کرتے۔وہ گھر میں خود اپنے ہاتھ سے جھاڑو دیتے۔آپ ہی آگ سلگاتے تھے اور اپنے کپڑے آپ ہی سیتے تھے۔محمدؐ صاحب نے سودہؓ اور عائشہؓ کے لئے اسی مسجد کے پاس علیحدہ علیحدہ دو گھر بنا دیئے تھے۔وہ دونوں علیحدہ رہتی تھیں اور محمدؐ صاحب ان کے ہاں باری باری رہا کرتے تھے۔

محمدؐ صاحب کی تعلیم اور وعظ و نصیحت نے رفتہ رفتہ قبولیتِ عام حاصل کر لی۔ان کی نیکی کا شہرہ ہر طرف پھیل گیا۔لوگوں کے دل ان کی طرف کھنچنے لگے۔یہاں تک کہ لوگ دنیاوی معاملات میں بھی ان کی طرف رجوع کرنے لگے۔جس سے محمدؐ صاحب کی حیثیت میں بہت بڑا اضافہ ہو گیا۔آخر کار یہ نوبت پہنچی کہ انہوں نے کل اہلِ مدینہ کیا یہودی کیا نصرانی کیا مہاجرین کیا انصار سب کو جمع کر کے ان سے یہ عہد و پیمان لیا کہ وہ سب لوگ اپنے آپ کو ایک قوم سمجھیں اور جو ان میں سے کسی ایک کا بھی دشمن ہو وہ سب اس کے دشمن ہو جائیں اور جو ان کے حقوق اور لوگوں نے چھین لئے ہیں ان کے واپس لینے میں کوشش کریں اور اگر کوئی ایسا جھگڑا یا فساد برپا ہو جائے کہ وہ آپس میں نہ سلجھ سکیں تو اس کی نسبت پیغمبرؐ خدا کی طرف رجوع کریں اور وہ جو فیصلہ کریں اسے سب مانیں۔آنحضرتؐ کی اس تجویز کو یہودیوں اور نصرانیوں تک نے بھی تسلیم کیا اور سب کے ساتھ ایک باقاعدہ معاہدہ تکمیل پا گیا۔''

(سوانح عمری حضرت محمد صلعم صاحب بانیٔ اسلام صفحہ 65 تا 67۔از شردھے پرکاش دیو جی۔ پبلشر: نرائن دت سہگل اینڈ سنز بک سیلرز لاہور۔ایڈیشن دہم)

مکرم اویس احمد نصیر صاحب

یمن اور اس کے چند مشہور شہر

عرب کے جنوب مغرب میں یمن ہے۔ یمن کے شمال اور مشرق میں سعودی عرب اور عمان، جنوب میں بحیرہ عرب اور مغرب میں بحیرہ احمر واقع ہے۔ دارالحکومت صنعاء ہے جو کہ پہاڑوں میں گھرا ہوا خوبصورت شہر ہے۔ رائج الوقت سکہ یمنی ریال ہے۔ یاقوت حموی نے لکھا ہے کہ صنعاء دو ہیں ایک یمن میں اور ایک دمشق کے علاقہ غوطہ میں ایک گاؤں تھا جو ختم ہو گیا اور وہاں اس وقت کھیت ہیں۔ (معجم البلدان۔ شہاب الدین ابی عبداللہ یاقوت بن عبداللہ الحموی۔ المجلد الخامس، دارصادر، بیروت ایڈیشن۔ 1977ء ص426، 429 زیر لفظ صنعاء)

سبا کی قوم جس کا قرآن شریف میں ذکر آتا ہے۔ ایک زمانہ میں اسی جگہ آباد تھی۔ بنوقحطان کا مولد و مسکن بھی یمن تھا اور یہیں سے اکثر قبائل بنوقحطان نے عرب کے شمال کی طرف ہجرت کی تھی۔ چنانچہ مدینہ کے اوس اور خزرج بھی جنہوں نے اسلام میں انصار کا لقب پایا، یہیں سے گئے تھے۔

یمن میں عام طور پر عربی بولی جاتی ہے۔ مگر یمنی دوران گفتگو اعراب وغیرہ کا خیال نہیں رکھتے اور ہر قبیلہ کا اپنا لہجہ ہے اور اپنی اپنی اصطلاحیں ہیں۔ بعض مقامات میں لام کو میم میں بدل دیا جاتا ہے جسے لغۃ حمیریہ کہا جاتا ہے۔ یمن قدیم دور میں تجارت کا اہم مرکز تھا۔ اس سرزمین کے مختلف اقطاع میں وقتاً فوقتاً عمالیق، اہل معین، عاد، سبا اور حمیر کی عظیم الشان سلطنتیں قائم ہوئیں۔ جنہوں نے بڑی بڑی عمارتیں اور ترقی زراعت کے لئے بڑے بڑے بند بنائے جن میں سے سب سے زیادہ مشہور سد مارب ہے۔ جس کا ذکر قرآن میں بھی ہے۔ یمن ظہور اسلام سے قبل حبشہ کے اور ظہور اسلام کے وقت فارس کے ماتحت تھا۔ یمنی تیار شدہ سوتی دھاری دار چادریں جو عرب میں حبرہ یا برد یمانی کہلاتی تھیں وہ آپ ﷺ کو پسند تھیں۔ اسی طرح لعل یمن اور در عدن کا تمام دنیا میں چرچا ہے۔ بندرگاہوں میں عدن، المکلا، الحدیدہ، المخاء مشہور ہیں۔

یمن شمال اور جنوب دو حصوں پر منقسم تھا۔ 22 مئی 1990ء کو شمالی و جنوبی یمن کا اتحاد ہوا۔ یمن کے کل 22 صوبے ہیں اور 333 اضلاع ہیں۔ قومی علامت یا نشان سنہری عقاب ہے۔ یمن پر برطانیہ کی حکومت بھی رہی ہے۔ 30 نومبر 1967ء کو جنوبی یمن برطانیہ سے آزادی حاصل کر کے خودمختار ریاست بن گیا۔ یمن میں خاص طور پر وادی الظھر میں کثرت سے پھل پیدا ہوتے ہیں (سیب، کیلا، لیموں، خوبانی، آڑو، آلو بخارا، مالٹا) وغیرہ۔ کھجوروں اور انگوروں کی کاشت بھی ہوتی ہے۔

موسمی اعتبار سے گرمی تو پورے عرب کی مشہور ہے۔ یمن میں ایک برتن ہے جسے ''الکعدہ'' کہتے ہیں۔ اس میں گرمیوں میں پانی رکھا جاتا ہے جو کہ چمڑے کا بنا ہوتا ہے۔ یہ اسی طرح ہے جیسا کہ پاکستان میں ''گھڑا'' ہوتا ہے۔ خانہ کعبہ پر پہلی مرتبہ غلاف یمن کے ایک بادشاہ تبع اسد نے چڑھایا۔ اس کے بعد غلاف چڑھانے کی رسم شروع ہوگئی۔ بارگاہ نبوی ﷺ میں مختلف وفود آئے اور ان میں سے اہل یمن کے وفود کی کثیر تعداد تھی۔ قبیلہ حمیر، وفد حضرموت، کندہ، ہمدان، وفد بنی عذرہ، وفد دوس، وفد الاشعریین، مراد وغیرہ ان میں شامل ہیں۔

حضرت اویس قرنیؓ کا وطن

آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان لانے والے ایک عاشق رسول حضرت اویس قرنی رضی اللہ عنہ کا تعلق بھی یمن سے تھا۔ ان کے بارہ میں یہ روایت مشہور ہے کہ وہ اپنی زندگی میں اپنی بوڑھی والدہ کی خدمت کی وجہ سے رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر نہیں ہو سکے۔ ان کی اس عظیم نیکی کا ذکر کرتے ہوئے حضرت اقدس مسیح موعود فرماتے ہیں۔

''میں دیکھتا ہوں کہ رسول اللہ ﷺ نے دو ہی آدمیوں کو السلام علیکم کی خصوصیت سے وصیت فرمائی۔ یا اویسؓ کو یا مسیحؑ کو۔ یہ ایک عجیب بات ہے جو دوسرے لوگوں کو ایک خصوصیت کے ساتھ نہیں ملی۔ چنانچہ لکھا ہے کہ جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ ان سے ملنے کو گئے تو اویس نے فرمایا کہ والدہ کی خدمت میں مصروف رہتا ہوں اور میرے اونٹوں کو فرشتے چرایا کرتے ہیں''۔

(ڈائری حضرت مسیح موعود 21/اپریل 1899ء)

یمن کا مشہور شہر صنعاء

صنعاء یمن کا ایک مشہور اور قدیمی تاریخی شہر ہے۔ یہ یمن کا دارالحکومت ہے۔ صنعاء قدیم اور جدید شہر پر مشتمل ہے۔ صنعاء قدیم قلعہ نما شہر ہے۔ جس کا احاطہ مضبوط دیواروں سے کیا گیا ہے۔ اس کا ایک مرکزی دروازہ ہے جسے باب الصنعاء یا باب الیمن کہا جاتا ہے۔ باب الصنعاء سے داخل ہوتے ہی بازار شروع ہو جاتا ہے اور مختلف ہوٹل اور رہائش گاہیں ہیں۔ یہ صنعاء قدیم ہے۔ جبکہ باقی سارا شہر جو کئی کلومیٹر پر محیط ہے، صنعاء جدید کہلاتا ہے۔ یہ شہر کسی یمنی صوبہ کا حصہ نہیں بلکہ الاما نۃ العاصمہ (وفاقی دارالحکومت) ہے یعنی اسلام آباد اور نئی دلی کی طرح صوبوں سے الگ حیثیت رکھتا ہے۔ فروری 2015ء میں خانہ جنگی کے باعث امریکہ، جرمن، جاپان، فرانس سمیت دیگر ممالک نے اپنے سفارتخانے صنعاء میں بند کر دیئے تھے۔ اسی طرح سعودیہ، کویت، بحرین وغیرہ نے اپنے سفارتخانہ عدن میں کھولے۔ یمن کے شمال مغرب ایک مشہور قلعہ (دارالحجر) ہے جو کہ وادی الظھر میں واقع ہے۔

عدن

یمن کا بہت بڑا تجارتی شہر عدن ہے۔ جس میں ایک وسیع بندرگاہ ہے۔ عدن ایک ایسا شہر ہے جہاں بے شمار لوگ ہندوستان سے ہجرت کر کے آئے ہوئے ہیں اور سالہا سال سے یہیں بس رہے ہیں۔ ایک عراقی دوست خلدون طارق نے مورخہ 22 جولائی 2015ء کو اپنے دورہ کا حال بیان کرتے ہوئے بتایا کہ:

فروری 2005ء میں مجھے یمن جانے کا موقعہ ملا۔ میری توجہ جس چیز نے سب سے زیادہ اپنی طرف کھینچی وہ یمن کے پہاڑ ہیں۔ مجھے ان پہاڑوں سے خوف محسوس ہوتا تھا جیسا کہ کوئی بہت بڑی مخلوق میرے سامنے آ کھڑی ہو۔ رات کے وقت تو مجھے دیکھتے ہوئے بھی ڈر لگتا تھا۔ میرا زیادہ تر وقت عدن میں گزرا تھا۔ ایک دن عدن کے قریب ایک بستی (البریقہ) جانے کا اتفاق ہوا جہاں کے لوگوں کی روزی کا انحصار بحری شکار پر ہوتا ہے۔ ان کے اخلاق دیکھ کر حضرت اویس قرنی رضی اللہ عنہ کے اخلاق یاد آ گئے۔ عدن ایک خوبصورت شہر ہے جہاں صفائی کا انتظام صنعاء سے زیادہ کیا جاتا ہے۔ وہ لوگ جو قبائلی ہیں ان کے مرد اور بچے ایک خنجر اپنے ساتھ لٹکاتے ہیں جسے جنبیۃ کہا جاتا ہے۔

حضرموت

حضرموت کے مغربی جانب عمان اور صوبہ مھرہ ہے اور شمالی جانب سعودی عرب ہے۔ حضرموت کی تاریخ بہت قدیم ہے اور مختلف حکومتوں نے حکومت کی ہے جس میں مملکت کندہ نمایاں ہے۔ یہی علاقہ ہے جو کہ احقاف کے نام سے بھی مشہور ہے۔ حضرموت کے لوگ اپنی ذہانت اور محنت کی وجہ سے مشہور ہیں۔

اِب

اِب شہر بہت خوبصورت اور ہریالی میں گھرا ہوا ہے۔ اِب میں پہاڑ (الربی) نہایت خوبصورت پہاڑ ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ سڑک ہے جو کہ پاکستان کے شمالی علاقہ جات کا نقشہ پیش کرتا ہے۔ سیاحت کے لئے بہت اچھا ہے۔

شہر اِب نہایت خوبصورت اور سیاحتی شہر ہے۔ موسم معتدل ہے۔ اسی طرح اِب کا ایک شہر ''القاعدہ'' تجارتی لحاظ سے کافی مشہور ہے۔ صاف ستھرا شہر ہے۔ اِب میں ایک بڑی یونیورسٹی بھی ہے۔ اِب کے مشہور قبائل ''العطاب، التوکل، الصباحی، النزیلی'' ہیں سنی (شافعی) اکثریت میں ہیں۔ اِب میں ایئرپورٹ نہیں ہے۔ نزدیک ترین ایئرپورٹ تعز میں ہے اور ساحل بحر (البحر العربی) بھی قریبی شہر المخاء میں ہے۔ حکومت کی طرف سے اس کی صفائی وغیرہ کا خیال نہیں مگر مختلف سٹالز بنے ہوئے ہیں۔

مارب

مارب بھی یمن کا ایک اہم شہر ہے۔

مارب ایک خوبصورت شہر ہے۔ موسمی اعتبار سے گرمی بہت ہوتی ہے۔ کیونکہ صحرائی علاقہ ہے۔ قبیلہ مراد یہاں کا بڑا قبیلہ ہے۔ ''جامعہ مارب'' بڑی یونیورسٹی ہے۔ سد مارب جس پر زراعت کا انحصار ہوتا ہے وہ بھی یہیں ہے۔ جو کہ مارب کے درمیان میں واقع ہے۔ حوثیوں نے بند پر حملہ کرنے کی کوشش کی تھی مگر جلد ہی انہیں یہ جگہ چھوڑنی پڑی کیونکہ مقابلہ بہت سخت تھا۔ مارب کی گندم ملک بھر کی گندم سے مشہور ہے۔ پٹرول اور گیس سے مالا مال ہے۔ ایک بہت بڑا بجلی گھر بھی یہاں ہے مگر اب اس میں حالات کی خرابی کہ وجہ سے کافی خرابی ہے جس کے باعث ملک کے کافی علاقوں میں بجلی کا نظام خراب ہے۔

صوبے کے شمالی جانب جوف نامی صوبہ ہے اور جنوبی جانب دو اضلاع شبوۃ اور البیضاء ہیں۔ غربی جانب صنعاء ہے۔ اور شرقی جانب حضرموت ہے۔ شہر حریب میں وادی حریب بہت معروف وادی ہے۔ اسی طرح مارب کی وادی ادنہ اور ضلع صرواح کی مشہور وادی ضیق اور اسی طرح وادی رغوان جو کہ رغوان میں ہے مشہور ہے۔ جبل مراد ایک ضلع ہے جو کہ بلندی پر ہے۔ مارب قدیم کے آثار ابھی تک ہیں جو کہ سیاحتی علاقہ ہے۔ وہاں کسی کی رہائش نہیں ہے۔

حُدَیدہ

حدیدہ یمن کا بہت بڑا تجارتی شہر ہے۔ جس میں ایک ساحل سمندر ہے۔ اس میں ایک ایئرپورٹ بھی ہے۔ حدیدۃ سے زبید ایک قلعہ نما گاؤں تک دو گھنٹے کی مسافت ہے۔ چھوٹی چھوٹی بل کھاتی گلیوں کے دونوں اطراف میں کچے مکانات بکثرت موجود ہیں۔ ایک دوست جو کہ 2008ء میں یمن سے واپس آئے ہیں انہوں نے مجھے بتایا کہ زَبید میں مختلف مزار ہیں جہاں سے وہ ہو کر آئے ہیں۔ مثلاً حضرت اویس قرنی رضی اللہ عنہ کی طرف منسوب ایک مزار، حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ، الامام ابوبکر الحداد رحمۃ اللہ علیہ اور اسی طرح القاموس المحیط کے مصنف مجدالدین الفیروزآبادی کی قبور ہیں۔

تعِز

یمن کا تیسرا بڑا شہر تعز ہے۔ تعز میں بیشمار باغ اور کھیت ہیں۔ شہر کے وسط میں ایک خوبصورت باغ ہے جس کا نام (البرکۃ الحسینیۃ) ہے۔ صنعاء کے

جنوب جانب تقریباً 256 کلومیٹر دور واقع ہے۔ مختلف ادوار میں یہ پایہ تخت رہا ہے۔ تعز یونیورسٹی کافی مشہور ہے جس کا آغاز 1994ء میں ہوا تھا۔ تعز کی حدود میں ایک چھوٹا سا شہر الجند ہے۔ یہ شہر تعز اور اب کے درمیان واقع ہے۔ یہیں ایک عبادت گاہ ہے جس کے بارہ میں مؤرخین نے لکھا ہے کہ حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ نے اسے تعمیر کروایا تھا۔ اس کے قریب ہی وادی السحول ہے۔ جند شہر تعز سے 2 کلومیٹر کے فاصلہ پر ہے۔

(فرجۃ الھموم والحزن فی حوادث وتاریخ الیمن۔ المطبعۃ السلفیۃ۔ قاہرہ۔1326 صفحہ 321)

تعز شہر کے مشہور مقامات میں قاہرہ قلعہ بہت مشہور ہے۔ پورا سال ہی موسم معتدل رہتا ہے۔ جبل صبر تفریحی مقام ہے۔

بعض روایات میں مسیح موعود کے بارہ میں لکھا ہے کہ اس کا نزول ''کدعہ'' بستی میں ہوگا۔ اس کے بارہ میں بعض لوگوں کا خیال ہے کہ یہ بستی یمن میں ہے۔ شیخ علی حمزہ بن ملک الطوسی نے اپنی کتاب جواہر الاسرار میں (جو کہ 840ھ میں تالیف ہوئی) لکھتے ہیں کہ مہدی کا خروج کدعہ سے ہوگا۔ بعض روایات میں ہے کہ کدعہ یمن میں ہے مگر یہ غلط ہے کیونکہ یمن میں کوئی کدعہ نامی جگہ نہیں ہے۔ اس کے متعلق سیدنا مسیح موعود فرماتے ہیں۔

''ایسا ہی احادیث میں یہ بھی بیان فرمایا گیا ہے کہ وہ مہدی موعود ایسے قصبہ کا رہنے والا ہوگا جس کا نام کدعہ یا کدیہ ہوگا۔ اب ہر ایک دانا سمجھ سکتا ہے کہ یہ لفظ کدعہ دراصل قادیان کے الفاظ کا مخفف ہے اور بعض روایات میں جو آیا ہے کہ ''وہ کدعہ یمن کی بستیوں میں سے ایک گاؤں ہے''۔ یہ حدیث کے لفظ نہیں ہیں۔ بلکہ کسی شخص نے اجتہادی طور پر یہ خیال کیا ہے۔ شاید اس نام کے مشابہ کوئی گاؤں یمن میں دیکھ کر کسی کو خیال آ گیا ہے کہ شاید وہ یہی گاؤں ہوگا۔ لیکن ظاہر ہے کہ اب ایسا کوئی گاؤں ملک یمن میں آباد نہیں ہے اور نہ اس سرزمین میں کسی نے ایسا دعویٰ کیا۔''

اس وقت بھی یمن میں کدعہ یا کدیہ سے ملتے جلتے گاؤں پائے جاتے ہیں جیسا کہ ایک شہر اس کا نام (کدراء) ہے۔ اسی طرح یمن کے اطراف میں ایک جگہ (کدم) ہے۔

(معجم البلدان۔ شہاب الدین ابی عبداللہ یاقوت بن عبداللہ الحموی۔ المجلد الرابع، دار صادر، بیروت۔ ایڈیشن 1977ء۔ ص 441،442)

(کدم) موجودہ صوبہ صعدہ کے ضلع کتاف میں ہے۔ اسی طرح خاکسار کو ایک یمنی دوست نے بتایا کہ یمن کے علاقہ شبوۃ میں ایک وادی الکادہ بھی ہے۔ اسی طرح صوبہ حدیدہ کے ایک شہر حیس کے قرب میں ایک گاؤں ہے جس کا نام کیدہ ہے۔ مگر کدعہ کوئی جگہ نہیں ہے۔

یمن میں آباد ''حوثی'' لوگ

یمن میں آج کل حوثی فرقہ بہت مشہور ہے۔ اس کے بانی کا نام بدرالدلا الحوثی ہے اسی کی نسبت سے انہیں حوثی کہا جاتا ہے۔ 1991ء میں یہ جماعت قائم ہوئی۔ خود ان کا اپنی تنظیم کے لئے تجویز کردہ نام الشباب المومن ہے۔ بعد میں انصار اللہ کا نام دے دیا گیا۔ بدر الدین کے دروس کا مجموعہ انصار اللہ کے نام سے ہے۔ جس کی google app بھی ہے۔ بدر الدین 1959ء میں صوبہ صعدہ کے ایک شہر رویس میں پیدا ہوا۔ 2004ء میں وفات ہوئی۔ تعلیم کے حصول کے لئے اپنے والد کے ساتھ ایران اور لبنان کا سفر کیا اور سوڈان سے علوم شرعی میں ماسٹر کیا۔ حسین حوثی ''الحق اسلامک پارٹی'' کی طرف سے 1993ء تا 1997ء پارلیمنٹ کا ممبر رہا۔ حسین بدر الدین کے بعد اس کے بیٹے عبد الملک نے قیادت سنبھالی۔ اسی طرح twitter اکاونٹ ''المسیرۃ'' صدق الکلمۃ کے نام سے ہے۔ ان کا ترجمان ٹی وی چینل المسیرۃ کے

باقی صفحہ 5 پر

یمن اور اس کا ماحول

رونالڈ ریگن

امریکہ کے 40ویں صدر

1981ء تا 1989ء

رونالڈ ولسن ریگن

رونالڈ ولسن ریگن (Ronald Wilson Reagon) 6 فروری 1911ء کو نیو میکسیکو کے شہر "Tampico" میں جان ایڈورڈ اور نیلی ولسن کے ہاں پیدا ہوئے۔ 1928ء میں ڈکسن ہائی سکول سے گریجوایشن کی۔ ریگن کے والد ''ایڈورڈ'' جوتوں کے سیلز مین تھے۔ 1932ء میں یوریکا کالج الی نوئس سے معاشیات اور سوشیالوجی میں بی اے کیا۔ اس کالج میں وہ سٹوڈنٹس باڈی کے صدر رہے تھے۔

1932ء میں ریگن ''آیووا'' ریڈیو سٹیشن سے سپورٹس اناؤنسر کے طور پر منسلک ہوگئے اور قومی سطح پر شہرت حاصل کی۔ ریگن نے اپنے کیریئر کا آغاز شوبز سے کیا۔ 1937ء میں ''وارنر برادرز'' سٹوڈیو میں 200 ڈالر فی ہفتہ پر ملازم ہوگئے۔ 1937ء میں ہی ان کی پہلی فلم "Love Is On The Year" منظر عام پر آئی اور انہوں نے اداکار کے طور پر ملک گیر شہرت حاصل کی۔ 1942ء سے 1946ء تک دوسری جنگ عظیم کے دوران ریگن نے امریکی فضائیہ میں خدمات انجام دیں۔ 1946ء میں فوج سے سبکدوش ہوکر پھر فلمی دنیا سے منسلک ہوگئے اور 1957ء تک 54 فلموں میں کام کیا۔ 1962ء میں ڈیموکریٹک پارٹی میں شامل ہوگئے اور 1965ء سے عملی سیاست میں حصہ لینا شروع کیا۔

8 نومبر 1966ء کو ری پبلکن پارٹی کے ٹکٹ پر کیلی فورنیا کے گورنر منتخب ہوئے اور 20 جنوری 1967ء کو یہ عہدہ سنبھالا۔ 1971ء میں دوبارہ گورنر بنے۔ نومبر 1980ء میں ری پبلکن پارٹی کے ٹکٹ پر صدارتی انتخابات میں حصہ لیا اور ڈیموکریٹک صدر جمی کارٹر کو شکست دی۔ 20 جنوری 1981ء میں جب انہوں نے عہدہ صدارت سنبھالا تو ان کی عمر 70 سال سے چند مہینے کم تھی۔ وہ امریکہ کے سب سے طویل عمر صدر تھے۔ وہ امریکہ کی تاریخ میں طویل ترین عرصہ تک زندہ رہنے والے صدر بھی تھے۔

ریگن کے دور صدارت کے ابتدائی چند ماہ میں متعدد ڈرامائی واقعات ہوئے جو ان کی آئندہ کامیابیوں کا سبب بنے۔ 21 جنوری 1981ء کو یعنی عہدہ صدارت کا حلف اٹھانے کے ایک روز بعد ہی رخصت ہونے والی کارٹر انتظامیہ کے صبر آزما مذاکرات کے نتیجے میں ایران میں یرغمالیوں کی رہائی عمل میں آ گئی۔ صدارت کا عہدہ سنبھالنے کے 10 ہفتے بعد 30 مارچ 1981ء کو ان پر قاتلانہ حملہ ہوا۔ واشنگٹن میں ایک ہوٹل کے باہر ایک نوجوان جان ہنکلے نے انہیں گولی مار کر زخمی کر دیا۔ گولی ان کے سینے پر لگی۔ دو ہفتے ہسپتال میں رہے۔ صحت یاب ہونے کے بعد ایک بار پھر اپنی ذمہ داریاں سنبھال لیں۔

6 نومبر 1984ء کے انتخابات میں ریگن دوسری بار امریکہ کے صدر منتخب ہوگئے۔ ان کے عہد میں پاک امریکہ تعلقات میں اسلحہ اور جدید ترین ہتھیاروں کی خریداری کا معاہدہ بھی طے پایا۔ ریگن جب صدر بنے تو انہیں خارجہ امور کا زیادہ علم نہیں تھا اور نہ ہی انہیں اس سے زیادہ دلچسپی تھی۔ وہ سوویت یونین کے سخت خلاف تھے اور اسے شیطانی سلطنت قرار دیتے تھے۔ تاہم بعد میں سوویت رہنما گورباچوف سے ان کی ایسی مفاہمت ہوئی کہ جس سے جوہری اسلحہ کی تخفیف کا تاریخ ساز سلسلہ شروع ہوا۔ افغانستان میں سوویت فوجوں کے خلاف مجاہدین کی جنگ میں ریگن نے پاکستان کے توسط سے مجاہدین کو بھاری مالی و فوجی امداد دی۔ کینیڈی کے بعد ریگن مقبول ترین صدر مانے جاتے تھے لیکن ان کے زمانے میں امریکہ میں امیروں اور غریبوں کے درمیان خلیج بہت بڑھی۔ ان کا شمار انتہائی دائیں بازو کے قدامت پسند راہنماؤں میں ہوتا تھا۔

جولائی 1985ء میں کینسر کے باعث ان کے دو فٹ بڑی آنت کاٹ دی گئی۔ صدارت کے دوسرے دور میں ان کی جلد میں کینسر کا آپریشن ہوا۔ 29 مئی 1988ء کو ریگن نے سوویت یونین کا پہلا دورہ کیا۔ 20 جنوری 1989ء کو اپنی مدت صدارت مکمل کرنے کے بعد جب ریگن ریٹائر ہوئے تو وہ روزویلٹ کے بعد امریکہ کے مقبول ترین صدر تھے۔ سبکدوش ہونے کے بعد وہ کیلی فورنیا منتقل ہوگئے۔ 1994ء میں انہیں الزائمر کا عارضہ لاحق ہوگیا۔ اس ناقابل علاج مرض کے باعث دماغ میں یادداشت کے سیل ختم ہو جاتے ہیں اور شخصیت بالکل تبدیل ہو جاتی ہے۔ الزائمر کے مرض میں مبتلا ہونے سے پہلے وہ آپ بیتی لکھ رہے تھے۔ جنوری 2001ء میں گھوڑے سے گرنے کے باعث ان کے کولہے کی ہڈی ٹوٹ گئی۔ 6 جون 2004ء کو ریگن 93 برس کی عمر میں کیلی فورنیا میں انتقال کر گئے۔ 11 جون 2004ء کو ان کی آخری رسومات ادا کی گئیں۔

☆............☆............☆

مکرم عبدالسمیع خان صاحب ریٹائرڈ سینئر ہیڈ ماسٹر

مکرم چوہدری عبدالرحمان صاحب کا ذکرِ خیر

1952ء میں خاکسار جماعت نہم میں تعلیم الاسلام ہائی سکول ربوہ میں داخل ہوا۔ ہمارا یہ سکول 17/اپریل 1952ء کو چنیوٹ سے شفٹ ہوا تھا۔ اس وقت بورڈنگ ہاؤس بیت المبارک کے پاس تھا۔ چونکہ میرے والد صاحب چوہدری عبدالرحیم خان صاحب کاٹھگڑھی سکول میں بطور اکاؤنٹٹ کلرک تھے۔ انہیں بھی ایک کوارٹر ملا تھا۔ ہمارے ساتھ والا کوارٹر مکرم چوہدری اللہ بخش صاحب زراعت ماسٹر کا تھا۔ وہ اکیلے ہی رہتے تھے۔ ان کے ساتھ والے دو کوارٹر مکرم چوہدری عبدالرحمان صاحب سیکنڈ ماسٹر تعلیم الاسلام ہائی سکول کے تھے۔ آپ اس وقت بورڈنگ ہاؤس کے سپرنٹنڈنٹ تھے۔ میری شناسائی اس وقت سے چوہدری صاحب سے ہوئی۔ بورڈنگ کے طلباء سے بے حد شفقت سے پیش آتے تھے۔ سٹڈی ٹائم دوپہر کو مقرر ہوتا تھا۔ آپ ہمہ وقت نگرانی کرتے تھے۔ طلباء آپ سے بہت مانوس تھے۔ ابتدائی دور تھا۔ حضرت مصلح موعودؓ ابھی پرانے قصرِ خلافت میں ہی تھے۔ بیت المبارک میں حضور جمعہ پڑھانے کے لئے پرانے قصرِ خلافت سے ہی تشریف لاتے تھے۔

یکم جون 1952ء کو حضور نئے قصرِ خلافت میں رہائش پذیر ہوئے۔ سکول کا بورڈنگ پرانے قصرِ خلافت میں منتقل ہوا۔ کوارٹر سکول کے اساتذہ کو ملے۔ کچھ حصہ میں سکول کے نہم و دہم کے طلباء اس قصرِ خلافت کی عمارت میں آئے۔ باقی طلباء ریلوے سٹیشن کے سامنے کچے دارالضیافت میں منتقل ہوئے۔

مکرم چوہدری عبدالرحمان صاحب بھی پرانے قصرِ خلافت میں کچھ عرصہ رہے۔ مگر بعد میں جلد ہی محلّہ باب الابواب میں آپ نے اپنا مکان تعمیر کیا۔ چوہدری صاحب نے تاحیات اس باب الابواب والے مکان میں رہائش اختیار کی۔ والد صاحب کے تعلق کی وجہ سے خاکسار کا بھی چوہدری صاحب سے تعلق رہا۔ والد مکرم چوہدری عبدالرحیم خان صاحب کاٹھ گڑھی نے چنیوٹ کا عرصہ اور پھر 1956ء تک آپ کے ساتھ سکول میں گزارا۔ دوستانہ تعلق رہا۔ نہایت ہمدرد انسان تھے۔ والد صاحب بہت سی باتیں سنایا کرتے تھے۔ والد صاحب سکول میں کلرک تھے۔ ایف اے تک تعلیم حاصل کی تھی۔ انگریزی میں خوب مہارت تھی۔ چوہدری صاحب سپرنٹنڈنٹ ہوتے تھے۔

مکرم چوہدری صاحب ریاضی کے ماہر استاد تھے۔ آپ نے ''مدینہ ریاضی'' لکھی۔ بہت آسان انداز میں لکھی۔ اس سے گھر بیٹھے ہی ریاضی کی تیاری بآسانی ہو جاتی تھی۔ خصوصاً تقویم کا قاعدہ نہایت آسان طریقہ سے سمجھایا گیا۔ اسی طرح جیومیٹری کے مسائل جن کو بہت مشکل سمجھا جاتا تھا۔ نہایت آسان انداز میں سمجھائے گئے۔ بعد میں ریاضی کی کتابیں شائع کیں۔

خاکسار بھی تدریس میں آپ کی کتاب مدینہ ریاضی سے فائدہ اٹھاتا رہا۔ 1961ء میں جب نصاب تبدیل ہوا، آرٹس اور سائنس کا ریاضی کا نصاب علیحدہ ہوا تو بھی آپ کی کتاب مدینہ ریاضی بہت مفید ثابت ہوئی۔

خاکسار بی ایس سی کرنے کے بعد سکول میں بطور ٹیچر ملازم ہو گیا۔ بی ایڈ میں داخلہ لینا تھا۔ مکرم چوہدری صاحب بطور قائمقام ہیڈ ماسٹر کام کرتے تھے آپ نے میری بی ایڈ کے داخلہ میں مدد کی۔ ان کا دیا گیا سرٹیفکیٹ بی ایڈ کالج لاہور نے تسلیم کر لیا۔ داخلہ مل گیا۔

سکول میں جب ہم طالب علم تھے اس وقت ایک سال نہم دہم کو ریاضی مکرم چوہدری صاحب اور ایک سال مکرم محمد ابراہیم ناصر صاحب پڑھاتے تھے۔ بعد میں محمد ابراہیم ناصر صاحب تعلیم الاسلام کالج میں منتقل ہو گئے۔ مجھے چوہدری صاحب کے ایک شاگرد نے بتایا جب میٹرک کا ریاضی کا پرچہ ہوتا تھا چوہدری صاحب بے چینی کے عالم میں ہال کے گرد چکر لگایا کرتے تھے۔ دعا کرتے تھے کہ اللہ تعالیٰ سب طلباء کو کامیاب کرے، اتنی اپنے شاگردوں سے شفقت تھی۔ 1954ء میں ہم نے میٹرک کا امتحان لجنہ ہال ربوہ کی عمارت میں دیا۔ پنجاب یونیورسٹی کے تحت امتحان ہوتا تھا۔ سپرنٹنڈنٹ کے ساتھ سکول کا عملہ ہی ہوتا تھا۔ نقل کا کوئی تصور نہیں تھا۔ ایک دفعہ امتحان کے سپرنٹنڈنٹ نے ایک امیدوار کو تھپڑ مار دیا۔ مکرم چوہدری صاحب بھی ہال میں ڈیوٹی پر تھے۔ آپ نے سپرنٹنڈنٹ کو کہا ایسا کیوں کیا۔ سپرنٹنڈنٹ کو معذرت کرنی پڑی۔

میاں محمد ابراہیم صاحب جمونی جون 1956ء سے مکرم صوفی محمد ابراہیم صاحب کی ریٹائرمنٹ کے بعد ہیڈ ماسٹر مقرر ہوئے۔ تو سارا دفتر کا کام مکرم چوہدری عبدالرحمان صاحب کے سپرد کیا۔

مکرم میاں محمد ابراہیم صاحب نے آپ کی وفات پر اخبار الفضل میں مضمون لکھا۔

وہ میرے دوست جن کا رفیق کار رہنے پر مجھے فخر ہے۔ محترم چوہدری عبدالرحمان صاحب مرحوم ہیں۔ چوہدری صاحب پرانے اور مخلص احمدی خاندان سے تعلق رکھتے تھے۔ تعلیم الاسلام ہائی سکول قادیان کے اولڈ بوائے بھی تھے۔ سکول کے پرانے بزرگوں کی محبت اور تربیت سے بہرہ ور تھے۔ بی اے بی ٹی کرنے کے بعد ڈسٹرکٹ بورڈ کی سروس اور سکول کی ہیڈ ماسٹری چھوڑ کر حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کے ارشاد پر قادیان تشریف لائے۔ قادیان سے پہلے جہاں کہیں بھی رہے اپنی نیکی قابلیت اور حسن کارکردگی سے ہمیشہ تلامذہ اور متعلقین کو متاثر کرتے رہے۔ محنت اور فرض شناسی ان کا وطیرہ رہا۔ قادیان اور پھر ربوہ میں ریاضی کے مضمون میں ملک گیر شہرت اختیار کی۔ مدینہ ریاضی ان کا شاہکار ہے۔ پڑھانے کا خاص Tact تھا۔ امتحان کے لئے بچوں کو تیار کرنا ان پر ختم تھا۔ ایک چیز جو چوہدری صاحب میں تھی کہ دنیا کے ساتھ دین سکھانے کا شغف تھا۔ بچوں میں دینداری، سلسلہ سے مخلصانہ تعلق۔ جماعتی اور قومی روایات کا زندہ رکھنے کا خیال ہمیشہ ان کے پیشِ نظر رہتا۔ کوئی نیا قاعدہ پڑھانا ہو۔ بچوں کو کوئی مہم درپیش ہو کلاس میں ہی بچوں کے سامنے اس کی اہمیت بیان کرنے کے بعد اجتماعی دعا کراتے۔ نیز اپنے بزرگ پیش رو اساتذہ کی مثالیں دے کر بچوں میں نیکی اور پرہیزگاری کا جذبہ ابھارنے میں پوری جدوجہد کرتے۔

پھر مزید میاں صاحب لکھتے ہیں کہ اس قدرتی قابلِ اعتماد اور مخلص کارکن جو فرائض منصبی کی ادائیگی کو حصول ثواب کا ذریعہ سمجھتے ہوں میسر آنا ایک نعمت غیر مترقبہ سے کم نہیں۔ مرحوم صحیح معنوں میں میرے دست راست تھے۔

اپنے رفقاء میں ہردلعزیز، بالغ نظر، جہاندیدہ، خداترس انسان تھے۔ ان کی وفات پر معلوم ہوا کہ متعدد یتامیٰ اور حاجتمندوں کی ضروریات خاموشی سے پورا کرتے۔

(روزنامہ الفضل 14 جنوری 1965ء)

مکرم مولوی بدرالدین صاحب سابق معلم وقفِ جدید تحریر کرتے ہیں:

چوہدری صاحب کا اصل وطن ہرسیاں نزد قادیان تھا۔ ظاہری تعلیم کے ساتھ ساتھ دینی تعلیم کا گہرا مطالعہ تھا۔ معلوم ہوتا تھا جیسا کہ ہر ایک واقفِ زندگی مربی ہے۔ ایک چیز جو مجھے مرحوم کے نمونہ سے حاصل ہوئی، وہ توکل اور دعا پر یقین کا حاصل ہونا ہے۔ چوہدری صاحب کی یہ عادت تھی جب کچھ سکھاتے تو دعا کراتے اور جب کوئی کامیابی حاصل ہوتی تو خدا کے حضور سجدہ ریز ہو جاتے۔

چک 331 دھنی دیو ضلع لائل پور کافی عرصہ رہے۔ یہاں امامت کے فرائض ادا کرتے رہے۔ بیت الذکر اور اس کا کنواں آپ کی کوششوں سے تعمیر ہوا۔ (روزنامہ الفضل 14 فروری 1965ء)

چوہدری صاحب کا گھر مہمان نوازی میں مشہور تھا۔ آپ کے ایک بھائی کے بچوں نے آپ کے گھر رہ کر تعلیم حاصل کی۔ چوہدری صاحب کی دو شادیاں تھیں۔ پہلی شادی سے دو بیٹے اور ایک بیٹی سعیدہ بیگم صاحبہ اہلیہ چوہدری مبارک احمد نصیر صاحب دارالرحمت وسطی ہے۔ دوسری شادی مکرم الیاس الدین صاحب کی بیٹی سے ہوئی۔ صاحب اولاد تھیں ان کے بطن سے پانچ بیٹے تھے جن میں سے اب تین زندہ ہیں۔

اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے آپ موصی تھے۔ بہشتی مقبرہ دارالفضل میں مدفون ہیں۔ آپ کی پیدائش 1905ء کی ہے۔ 59 سال کی عمر پائی۔

بقیہ از صفحہ 4۔ یمن اور اس کے شہر

